اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالْمُرْسَلِیْن اَمَّا بَعْدُفَاَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

اجتماعی دُعا

امیر اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ **فرماتے ہیں کہ:**

علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت پر جانے سے پہلے اس طرح دعا کیجئے!

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالْمُرْسَلِیْن یَا رَبِّ مُصْطَفٰی ہماری اور امت محبوب کی مغفرت فرما۔**یَااَللّٰہ پاک!** ہم نیکی کی دعوت دینے کے لئے علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت پر روانہ ہو رہی ہیں اس دین کے کام میں تو ہماری مدد فرما اور ہمارا دل لگا دے۔**یَااَللّٰہ پاک!** ہمارے دل میں اخلاص پیدا کر اور زبان میں اثر دے۔**یَااَللّٰہ پاک!** علاقے کی ساری اسلامی بہنوں کو بھی ہمارے ساتھ چل پڑنے کی سعادت نصیب فرما۔**یَااَللّٰہ پاک!** ہمیں اور اس علاقے کے بچے بچے کو نمازی بنا اور عشق رسول کی دولت نصیب فرما۔**یَااَللّٰہ پاک!** ہر طرف سنتوں کی بہار آجائے۔**یَااَللّٰہ پاک!** تجھے پیارے حبیب صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا واسطہ ہماری ٹوٹی پھوٹی دعائیں قبول فرما۔"

(اٰمین بجاہ النبی الامین صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم)

(اجتماعی دعا کے بعد علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت کے لئے روانہ ہو جائیں)

مدنی پھول: دعا دیکھ کر نہ کی جائے۔